نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی اشتراک سے ضلع ساہیوال میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے میگا سیمینار کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے اگیتی کپاس کاشت کرنے والے کاشتکاروں کیلئے 25 ہزار روپے کی مالی اعانت کی جائے گی۔ وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:27 فروری 2025: محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی اشتراک سے ضلع ساہیوال میں کپاس کی اگیتی کاشت بارے میگا سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سیمینار میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شرکت کی۔

اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب صوبہ میں کپاس کی بحالی کے لیے پر عزم ہیں اور اس ضمن میں اگیتی کپاس کی ترویج کے لیے خصوصی پیکج متعارف کروایا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کاشتکاروں کے مسائل حل کرنے کیلئے مالی سال 25-2024 کے دوران 72 ارب روپے فراہم کئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت صوبہ میں کاشتکاروں کے مسائل حل کرنے کیلئے بلا سود زرعی قرضہ سکیم کے تحت اب تک 50 ارب روپے کی خریداری ہو چکی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کاشتکاروں کے لئے کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر، زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن، ماڈل اگیری مالز کا قیام، زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام، سموگ کنٹرول پروگرام، ترشاوہ باغات کی بحالی، کینولہ، تل اور سویابین کی کاشت کے فروغ سمیت متعدد منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ تاریخ میں پہلی بار 10 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جسے حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کے فیلڈ سٹاف کو ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ 5 ایکڑ یا زائد رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کرنے والے کسانوں کے لئے 25 ہزار روپے کی مالی اعانت کی جا رہی ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ کپاس کی کلائیمیٹ سمارٹ اقسام کی دریافت کیلئے زرعی سائنسدانوں کو خصوصی ٹاسک سونپا گیا ہے۔ کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ کپاس کے کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی سستے داموں دستیابی یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اگیتی کپاس کے ہدف کے حصول کو یقینی بنانے کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ اگیتی کپاس کی آگاہی مہم میں نجی شعبہ کا تعاون قابل ستائش ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ساہیوال ڈویژن میں سرکاری رقبوں کے کچھ حصّہ پر کپاس کی کاشت لازمی قرار دی جا رہی ہے۔ اگیتی کپاس کی کاشت کے لئے ساہیوال ڈویژن کو منفرد حیثیت حاصل ہے کیونکہ یہاں آلو اور تیلدار اجناس کی کاشت کے بعد زمین خالی ہو جاتی ہے۔ انہوں نے فاطمہ فرٹیلائزر کی کپاس کی آگاہی کے لئے میگا سیمینار کے انعقاد کو سراہا۔

سیمینار میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، پراجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، خلد محمود کھوکھر، نصیر اللہ خان آر اینڈ ڈی فاطمہ فرٹیلائزرز، رابیل سدوزئی سمیت دیگر افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆